حضور کا خطبہ جمعہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 4 نومبر 2005ء کو عید الفطر کے بعد بیت الفتوح میں آنے والے جملہ احباب جماعت کو شرف مصافحہ بخشا بعدہٗ مختصر خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ اس کا متن پیش خدمت ہے۔

تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کے بعد حضور انور نے فرمایا ''1905ء میں حضرت مسیح موعود نے ایک انذاری رؤیا کسی کے متعلق دیکھی تھی اس کے آخر پر آپ نے فرمایا تھا (ایک مختصر اقتباس ہے پڑھتا ہوں) فرمایا کہ انسان کا کیا حرج ہے اگر وہ فسق و فجور چھوڑ دے۔ کون سا اس میں اس کا نقصان ہے اگر وہ مخلوق پرستی نہ کرے۔ آگ لگ چکی ہے۔ اٹھو اور اس آگ کو اپنے آنسوؤں سے بجھاؤ۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے لئے بھی اور انسانیت کیلئے بھی دعاؤں کی توفیق دے اور یہ جو آگ لگی ہوئی ہے اس کو اپنے آنسوؤں سے بجھانے کی توفیق عطا فرمائے اور دنیا میں امن اور صلح اور آشتی قائم ہو اور یہ لوگ مامور کو پہچاننے کے قابل ہوں۔ آمین''